CERTIFIED

THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★

روزنامہ جنگ راولپنڈی

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

فون 5962449-5962444 ★★★ فیکس 5962777

بانی..... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 20 قیمت 12 روپے

LOCAL EDITION FRIDAY MARCH 15, 2013

جلد 55 | جمعۃ المبارک 2 جمادی الاوّل 1434ھ 15 مارچ 2013ء 3 چیت 2070ب | نمبر 73

پاک، اٹلی معاہدہ سے موسمی تغیّرات کی تحقیق میں مدد ملے گی، فاروق سعید

موسمی تغیرات پر تحقیق، تحفظ خوراک اور انسانی زندگی کو خطرات سے نمٹنے کیلئے ضروری ہے، آکسٹینو داپولینزا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان اور اٹلی کے درمیان ہونے والے معاہدے سے پاکستان میں موسمی تغیرات کے حوالے سے تحقیق میں انتہائی مدد ملے گی، جس کی بنیاد پر وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام کو قدرتی خطرات سے بچانے کے لئے حکمت عملی وضع کر سکیں گی۔ ان خیالات کا اظہار وفاقی وزیر رانا فاروق سعید خان نے جمعرات کے روز وزارت موسمی تغیرات اور اٹلی کے ادارے EvK2CNR کے درمیان ہونیوالے ایک معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اٹلی کے ادارے EvK2CNR کے صدر آکسٹینو داپولینزا اور وزارت کے ڈائریکٹر جنرل جاوید علی خان نے دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ اس موقع پر EvK2CNR پاکستان کے سربراہ ریاض الحسن اور دیگر ماہرین ماحولیات بھی موجود تھے۔ وزارت کے ماتحت ادارے کے سربراہ ڈاکٹر ارشد خان نے کہا کہ ان کے ادارے کا یہ پہلا بین الاقوامی معاہدہ ہے جس سے ادارے کے تحقیقی پروگرام کو جاری رکھنے اور توسیع دینے میں مدد ملے گی۔ اٹلی کے ادارے EvK2CNR کے صدر آکسٹینو داپولینزا نے کہا اٹلی کے عوام پاکستان کے ترقیاتی پروگرام میں گذشتہ کئی برسوں سے مدد کر رہے ہیں اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے، موسمی تغیرات پر تحقیق تحفظ خوراک اور انسانی زندگی کو درپیش خطرات سے نمٹنے کے لئے بہت ضروری ہے۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سکیورٹی اینڈ ریسرچ اسرار اللہ زہری، وزیر مملکت معظم جتوئی و دیگر کا گروپ فوٹو